فوری ریلیز کے لیے: 16/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

اولین امدادی کارکنان کی معاونت کرنا: گورنر HOCHUL کی جانب سے 65 رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کے لیے $25 ملین کی سرمایہ جاتی فنڈنگ کی تفویض

دس رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کو زیادہ سے زیادہ $1 ملین کی فنڈنگ دی گئی

V-FIRE گرانٹ پروگرام سہولیات، ہنگامی امدادی صلاحیتوں اور امدادی اہلکاروں کی حفاظت کو بہتر بنانے میں مدد دیتا ہے

یہ نیو یارک کی رضاکار فائر سروس کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے گورنر کی کوششوں پر استوار ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ریاست نیو یارک بھر کے 65 رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس اور فائر ڈسٹرکٹس کے لیے $25 ملین کی سرمایہ جاتی فنڈنگ کا اعلان کیا، تاکہ سہولیات، ہنگامی امدادی صلاحیتوں اور ہنگامی تیاری کو بہتر بنایا جا سکے۔ دس ڈپارٹمنٹس کو زیادہ سے زیادہ $1 ملین کی گرانٹ دی گئی۔ یہ سرمایہ کاریاں اکتوبر 2024 میں 88 رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کو دی گئی $25 ملین کی سابقہ فنڈنگ کا تسلسل ہے۔ چونکہ نیو یارک کے تقریباً نصف شہری آگ سے تحفظ اور ہنگامی امداد کے لیے رضاکار فائر فائٹرز پر انحصار کرتے ہیں اس لیے یہ گرانٹ پروگرام آلات اور تعمیراتی اخراجات میں اضافے سے پیدا ہونے والے مالی دباؤ کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ مقامی ٹیکس دہندگان کو حفاظت سے متعلق ان ضروری بہتریوں کی پوری لاگت برداشت نہ کرنی پڑے۔

ریاست بھر کی کمیونٹیز میں رضاکار فائر فائٹرز کے اہم کردار کو تسلیم کرتے ہوئے، گورنر Hochul (ہوکل) نے تربیت، آلات اور سہولیات کے اپ گریڈز میں ریکارڈ سرمایہ کاری کے ذریعے نیو یارک کی رضاکار فائر سروسز کو مضبوط اور مستحکم بنانے کو ترجیح دی ہے۔

"ہمارے رضاکار فائر فائٹرز دن رات ہر پکار پر لبیک کہتے ہیں اور ریاست بھر میں نیو یارک کی کمیونٹیز کو محفوظ رکھتے ہیں،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "رضاکار فائر فائٹرز کے لیے V-FIRE گرانٹ فنڈنگ میں مزید $25 ملین کی سرمایہ کاری کر کے، ہم اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ہمارے مقامی ہیروز کے پاس جدید سہولیات، جدید حفاظتی سامان اور وہ ضروری آلات موجود ہوں جن کی انہیں ہنگامی اطلاع ملنے پر فوری اور محفوظ طریقے سے کارروائی کرنے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔"

ریاستی ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات (State Division of Homeland Security and Emergency Services) کے زیرِ انتظام، رضاکار فائر انفراسٹرکچر اور رسپانس ایکوئپمنٹ گرانٹ پروگرام (Volunteer Fire Infrastructure & Response Equipment Grant Program, V-FIRE) درج ذیل مقاصد کے ذریعے سہولیات اور ہنگامی ردِعمل کی صلاحیتوں کو جدید اور بہتر بنا کر رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کی معاونت کرتا ہے:

- **سہولیات میں بہتریاں:** نئے فائر اسٹیشنز، کلاس رومز، میٹنگ کی جگہوں یا تربیتی مراکز کی تعمیر، یا موجودہ سہولیات کی تزئین و مرمت کے لیے فنڈنگ، تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ وہ محفوظ اور ساختی طور پر مضبوط ہوں، موجودہ بلڈنگ کوڈز پر پورا اتریں، اور محفوظ فائر فائٹنگ کے طریقوں کو فروغ دیں۔

- **آلات کی خریداری:** جدید ذاتی حفاظتی سامان (Personal Protective Equipment, PPE)، PPE واشرز اور ڈرائرز، آلودگی دور کرنے کے آلات اور سامان، اور مؤثر ایگزاسٹ ریموول سسٹمز فراہم کر کے فائر فائٹرز کی صحت، حفاظت اور فلاح و بہبود کی معاونت کرنا۔

مزید برآں، V-FIRE گرانٹس علاقائی سطح پر انضمام کی کوششوں کے ذریعے فائر سروس کے وسائل کو یکجا کرنے میں معاونت کرتی ہیں جس سے فائر ڈپارٹمنٹس اپنی صلاحیتوں کو روایتی دائرۂ اختیار سے آگے بڑھا سکتے ہیں تاکہ مقامی، کاؤنٹی اور ریاستی سطح پر باہمی امدادی ردِعمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

گرانٹ فنڈنگ کے اس مرحلے میں جامع سرمایہ جاتی بہتریوں کے اقدامات کے لیے دس رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کو زیادہ سے زیادہ $1,000,000 کی گرانٹ دی گئی:

- سینیٹ فائر ڈسٹرکٹ، کایوگا کاؤنٹی
- وولنی والنٹیئر فائر کارپوریشن، اوسویگو کاؤنٹی
- فارمنگٹن والنٹیئر فائر ایسوسی ایشن انکارپوریٹڈ، اونٹاریو کاؤنٹی
- ولیج آف ٹیوولی، ڈچس کاؤنٹی
- ولیج آف رچفیلڈ اسپرنگز فائر ڈپارٹمنٹ، اوٹسیگو کاؤنٹی
- ویسٹ ایڈمسٹن فائر ڈسٹرکٹ، اوٹسیگو کاؤنٹی
- ایڈمز سینٹر فائر ڈسٹرکٹ، جیفرسن کاؤنٹی
- پورٹ ہنری فائر ڈسٹرکٹ نمبر 3، ایسیکس کاؤنٹی
- کوونٹری والنٹیئر فائر کمپنی انکارپوریٹڈ، چیناںگو کاؤنٹی
- ولیج آف انگولا فائر ڈپارٹمنٹ، ایری کاؤنٹی

ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات کے کمشنر Terry O'Leary (ٹیری او لیری) نے کہا، "رضاکار فائر سروس ہماری ریاست بھر کی کمیونٹیز میں نہایت اہم کردار ادا کرتی ہے اور ان کی مسلسل خدمات کی بدولت نیو یارک ایک زیادہ محفوظ جگہ ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے تربیت، آلات اور سہولیات میں ریکارڈ سرمایہ کاری کے ذریعے ہمارے رضاکار فائر فائٹرز کی معاونت کو ترجیح دی ہے اور ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں کہ نیو یارک کی رضاکار فائر سروس مضبوط، مستحکم اور کسی بھی ہنگامی صورتِ حال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے۔"

ریاست نیو یارک کی کاؤنٹی فائر کوآرڈینیٹرز ایسوسی ایشن (New York State County Fire Coordinators Association) کے صدر Bill Streicher (بل اسٹرائیشر) نے کہا، "نیو یارک کا V-FIRE گرانٹ پروگرام ان مردوں اور خواتین کے لیے ایک اہم سرمایہ کاری ہے جو ہماری ریاست بھر کی کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے اپنا وقت وقف کرتے ہیں۔ رضاکار فائر فائٹرز، خصوصاً دیہی کمیونٹیز میں تحفظِ عامہ کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانا کہ ان پُرعزم فائر ڈپارٹمنٹس کے پاس ضروری آلات، سہولیات اور وسائل موجود ہوں، صرف ہمارے فائر ڈپارٹمنٹس میں سرمایہ کاری نہیں ہے بلکہ یہ نیو یارک کے شہریوں کی حفاظت اور فلاح و بہبود میں سرمایہ کاری ہے۔"

گورنر Hochul (ہوکل) کی اوّلین ترجیح نیو یارک کے شہریوں کو محفوظ رکھنا ہے اور رضاکار فائر فائٹرز ریاست بھر کی کمیونٹیز کی حفاظت اور سلامتی برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تقریباً نو ملین نیو یارک کے شہری، جو ریاست کی آبادی کا تقریباً نصف ہیں، رضاکار فائر فائٹرز کی خدمات سے مستفید ہوتے ہیں۔ تاہم، حالیہ برسوں میں، ان محکموں میں سے 75 فیصد سے زیادہ نے رپورٹ کیا ہے کہ رضاکارانہ طور پر خدمت انجام دینے کے خواہش مند افراد کی تعداد میں کمی آئی ہے۔ یہ کمی آگ سے تحفظ کے علاوہ بڑھتی ہوئی عملی ذمہ داریوں کے باعث مزید بڑھ گئی ہے، جن میں گاڑیوں کے حادثات، طبی ہنگامی صورتِ حال، خطرناک مواد کے رساؤ اور موسم سے متعلق ریسکیو آپریشنز شامل ہیں۔ اسی دوران، سروس کے لیے کالز میں 1997 سے 2020 تک 29 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کی سرمایہ جاتی ضروریات میں معاونت کے علاوہ، گورنر Hochul (ہوکل) نے رضاکار فائر سروس میں بھرتی کرنے، انہیں برقرار رکھنے اور عملی چیلنجز سے نمٹ کر ریاست کی رضاکار فائر سروس کو مضبوط اور مستحکم بنانے کی کوشش کی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے اس سے قبل تاریخی قانون سازی پر دستخط کیے جس کے تحت مقامی حکومتوں کو رضاکار اوّلین امدادی کارکنان کو پراپرٹی ٹیکس میں 10 فیصد تک چھوٹ دینے کی اجازت دی گئی، اپنی نوعیت کا پہلا ریاستی تربیتی وظیفہ پروگرام نافذ کیا، جس کے تحت بنیادی کورسز مکمل کرنے والے رضاکاروں کو مالی معاوضہ دیا جاتا ہے اور اس کے نفاذ کے بعد سے 5,500 سے زیادہ فائر فائٹرز تربیت مکمل کر چکے ہیں، نیز ایسی قانون سازی پر بھی دستخط کیے جس سے رضاکار ڈپارٹمنٹس کو ہنگامی طبی خدمات (Emergency Medical Services, EMS) کے اخراجات انشورنس فراہم کنندگان سے وصول کرنے کی اجازت ملی تاکہ آمدنی کے اہم نئے ذرائع پیدا کیے جا سکیں۔

بالخصوص ملازمت سے وابستہ سرطان کے خلاف جدوجہد میں، نیو یارک کے اوّلین امدادی کارکنان کی صحت اور طویل مدتی حفاظت کو یقینی بنانا گورنر Hochul (ہوکل) کی انتظامیہ کی ایک بنیادی ترجیح ہے۔ گورنر نے مسلسل NYS رضاکار فائر فائٹر کینسر بینیفٹ پروگرام (NYS Volunteer Firefighter Cancer Benefit Program) کی بھرپور حمایت کی ہے جس کے تحت جن رضاکار فائر فائٹرز میں کینسر کی تشخیص ہوتی ہے انہیں معذوری اور وفات کی صورت میں اہم مالی مراعات فراہم کی جاتی ہیں۔ V-FIRE پروگرام کے آلات سے متعلق حصے کو جدید ایگزاسٹ ریموول سسٹمز اور PPE کو آلودگی سے پاک کرنے والی خصوصی واشنگ مشینوں کے لیے فنڈنگ فراہم کرنے کے مطابق ہم آہنگ کرتے ہوئے، ریاست کارسینوجن (کینسر پیدا کرنے والے مادے) کا سامنا کم کرنے اور کینسر کو پیدا ہونے سے پہلے ہی روکنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

علاقے کے لحاظ سے گرانٹ وصول کنندگان کی تفصیل درج ذیل ہے:

کیپیٹل ریجن (8 گرانٹس، مجموعی طور پر $2,295,926)
- بیوکینڈال نمبر 5 فائر ڈسٹرکٹ، سکینیکٹیڈی کاؤنٹی، $934,698
- ایسٹ شوڈیک فائر ڈسٹرکٹ نمبر 1، رینسیلیئر کاؤنٹی، $383,000
- لبنان ویلی پروٹیکٹو ایسوسی ایشن انکارپوریٹڈ، کولمبیا کاؤنٹی، $96,554
- اسپیگل ٹاؤن فائر ڈسٹرکٹ، رینسیلیئر کاؤنٹی، $318,957
- اسٹائیویسنٹ فالز فائر ڈسٹرکٹ، کولمبیا کاؤنٹی، $58,000
- ولیج آف کیمبرج فائر ڈپارٹمنٹ، واشنگٹن کاؤنٹی، $314,848
- ولیج آف کیٹسکل فائر ڈپارٹمنٹ، گرین کاؤنٹی، $90,669
- ولیج آف میننڈز فائر ڈپارٹمنٹ، البنی کاؤنٹی، $99,200

مرکزی نیو یارک (8 گرانٹس، مجموعی طور پر $3,825,749)
- فیئر ہیون رضاکار فائر ڈپارٹمنٹ، کایوگا کاؤنٹی، $229,000
- کنگ فیری فائر ڈسٹرکٹ، کایوگا کاؤنٹی، $824,000
- اوسویگو کاؤنٹی، اوسویگو کاؤنٹی، $400,000
- سینیٹ فائر ڈسٹرکٹ، کایوگا کاؤنٹی، $1,000,000
- اسمتھ فیلڈ فائر ڈسٹرکٹ، میڈیسن کاؤنٹی، $66,875
- ولیج آف کازینوویا فائر ڈپارٹمنٹ، میڈیسن کاؤنٹی، $253,084
- ولیج آف ویڈزپورٹ، کایوگا کاؤنٹی، $52,790
- وولنی والنٹیئر فائر کارپوریشن، اوسویگو کاؤنٹی، $1,000,000

فنگر لیکس (8 گرانٹس، مجموعی طور پر $2,605,692)
- برانچ پورٹ کیوکا پارک فائر ڈسٹرکٹ، ییٹس کاؤنٹی، $475,000
- فارمنگٹن والنٹیئر فائر ایسوسی ایشن انکارپوریٹڈ، اونٹاریو کاؤنٹی، $1,000,000
- کینڈل فائر ڈپارٹمنٹ انکارپوریٹڈ، اورلینز کاؤنٹی، $114,000
- ولیج آف جینیسیو، لیونگسٹن کاؤنٹی، $19,233

- ولیج آف مانچسٹر والنٹیئر فائر ڈپارٹمنٹ، اونٹاریو کاؤنٹی، $296,000
- ولیج آف ریڈ کریک فائر ڈپارٹمنٹ، وائین کاؤنٹی، $264,741
- ولیج آف واٹرلو، سینیکا کاؤنٹی، $391,331
- وائیومنگ کاؤنٹی، وائیومنگ کاؤنٹی، $45,387

لانگ آئی لینڈ (7 گرانٹس، مجموعی طور پر $1,194,425)

- الرٹ انجن بُک لیڈر اینڈ ہوز کمپنی نمبر 1، نساؤ کاؤنٹی، $95,000
- سٹی آف گلین کوو، نساؤ کاؤنٹی، $287,324
- ہیلسائٹ فائر ڈسٹرکٹ، سافک کاؤنٹی، $145,000
- ہنٹنگٹن مینر فائر ڈسٹرکٹ، سافک کاؤنٹی، $164,601
- انکارپوریٹڈ ولیج آف ایمیٹی ول فائر ڈپارٹمنٹ، سافک کاؤنٹی، $125,000
- نیو ہائیڈ پارک فائر ڈسٹرکٹ، نساؤ کاؤنٹی، $188,000
- ولیج آف لن بروک فائر ڈپارٹمنٹ، نساؤ کاؤنٹی، $189,500

مڈ ہڈسن (7 گرانٹس، مجموعی طور پر $2,357,959)

- بیوکانن انجن کمپنی نمبر 1، انکارپوریٹڈ، ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی، $425,000
- کاؤنیونگا لیک فائر ڈسٹرکٹ، سولیوان کاؤنٹی، $82,215
- کربونکسن فائر ڈسٹرکٹ، السٹر کاؤنٹی، $388,050
- پرل ریور فائر ڈسٹرکٹ، راکلینڈ کاؤنٹی، $107,015
- ولیج آف سفرن فائر ڈپارٹمنٹ، راکلینڈ کاؤنٹی، $256,679
- ولیج آف ٹیوولی، ڈچس کاؤنٹی، $1,000,000
- ویسٹ نائیک فائر ڈسٹرکٹ، راکلینڈ کاؤنٹی، $99,000

موہاک ویلی (8 گرانٹس، مجموعی طور پر $3,857,616)

- کیروگا لیک والنٹیئر فائر کمپنی، انکارپوریٹڈ، فلٹن کاؤنٹی، $56,900
- کولمبیا لچفیلڈ فائر ڈسٹرکٹ، ہرکائمر کاؤنٹی، $126,730
- مڈلبرگ فائر ڈپارٹمنٹ، شوہاری کاؤنٹی، $58,775
- ولیج آف کوپرس ٹاؤن فائر ڈپارٹمنٹ، اوٹسیگو کاؤنٹی، $488,211
- ولیج آف ملفورڈ فائر ڈپارٹمنٹ، اوٹسیگو کاؤنٹی، $377,000
- ولیج آف اورسکنی فائر ڈپارٹمنٹ، اونیڈا کاؤنٹی، $750,000
- ولیج آف رچفیلڈ اسپرنگز فائر ڈپارٹمنٹ، اوٹسیگو کاؤنٹی، $1,000,000
- ویسٹ ایڈمسٹن فائر ڈسٹرکٹ، اوٹسیگو کاؤنٹی، $1,000,000

نارتھ کنٹری (4 گرانٹس، مجموعی طور پر $2,488,223)

- ایڈمز سینٹر فائر ڈسٹرکٹ، جیفرسن کاؤنٹی، $1,000,000
- پیرش وِل فائر ڈسٹرکٹ، سینٹ لارنس کاؤنٹی، $157,499
- پورٹ ہنری فائر ڈسٹرکٹ نمبر 3، ایسیکس کاؤنٹی، $1,000,000
- ٹاؤن آف گوورنر/گوورنر فائر کمپنی، انکارپوریٹڈ، سینٹ لارنس کاؤنٹی، $330,724

سدرن ٹائر (8 گرانٹس، مجموعی طور پر $3,031,569)

- اینڈیز جوائنٹ فائر ڈسٹرکٹ، ڈیلاویئر کاؤنٹی، $40,200
- کوونٹری والنٹیئر فائر کمپنی، انکارپوریٹڈ، چینانگو کاؤنٹی، $1,000,000
- دہلی جوائنٹ فائر ڈسٹرکٹ، ڈیلاویئر کاؤنٹی، $298,800
- ایرین فائر ڈسٹرکٹ نمبر 1، چیمنگ کاؤنٹی، $390,205
- پینٹڈ پوسٹ فائر ڈپارٹمنٹ، اسٹیوبن کاؤنٹی، $261,578
- ٹاؤن آف کولز ول فائر ڈسٹرکٹ نمبر 1، بروم کاؤنٹی، $593,000

- ویسٹل فائر ڈسٹرکٹ، بروم کاؤنٹی، $418,895
- ولیج آف اوڈیسا فائر ڈپارٹمنٹ، اسکائلر کاؤنٹی، $28,891

ویسٹرن نیو یارک (7 گرانٹس، مجموعی طور پر $3,342,841)
- فورکس فائر ڈسٹرکٹ نمبر 3، ایری کاؤنٹی، $182,576
- ہیرس ہِل والنٹیئر فائر کمپنی، ایری کاؤنٹی، $453,849
- کیانٹون انڈیپنڈنٹ والنٹیئر فائر ڈپارٹمنٹ، انکارپوریٹڈ، چوٹوقوا کاؤنٹی، $560,480
- ریور روڈ فائر ڈسٹرکٹ نمبر 3، ایری کاؤنٹی، $750,000
- ٹاؤن آف ایڈن فائر ڈسٹرکٹ، ایری کاؤنٹی، $373,911
- ولیج آف انگولا فائر ڈپارٹمنٹ، ایری کاؤنٹی، $1,000,000
- ولیج آف لنکاسٹر، ایری کاؤنٹی، $22,025

ریاستی سینیٹر Rachel May (ریچل مے) نے کہا، "رضاکار فائر فائٹرز نیو یارک کے شہریوں کی بہترین خصوصیات کی مثال پیش کرتے ہیں جن میں جذبۂ خدمت اور ضرورت کے وقت اپنے پڑوسی کی مدد کے لیے لگن شامل ہے۔ میرے ضلع کے سینیٹ فائر ڈپارٹمنٹ کے لیے یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ ان کے پاس وہ سہولیات اور آلات موجود ہوں جن کی انہیں آگ سے لوگوں اور املاک کے تحفظ کے اپنے اہم کام کو جاری رکھنے کے لیے ضرورت ہے۔ ہماری کمیونٹی کے ان بہادر فائر فائٹرز کی معاونت کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ۔"

ریاستی سینیٹر Pete Harckham (پیٹ ہارکم) نے کہا، "ہمارے اوّلین امدادی کارکنان ضروری آلات کے بغیر ہماری کمیونٹیز کا مؤثر طور پر تحفظ نہیں کر سکتے۔ بیوکانن جیسے رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس میں یہ سرمایہ کاری اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ان کے پاس اپنے فرائض محفوظ اور مؤثر طریقے سے انجام دینے کے لیے ضروری آلات موجود ہوں جبکہ مقامی ٹیکس دہندگان پر مالی بوجھ بھی کم ہو گا۔ اس فنڈنگ کے حصول میں مدد پر اپنے قانون ساز ساتھیوں کا اور ہمارے اوّلین امدادی کارکنان تک یہ اہم فنڈنگ فوری طور پر پہنچانے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ۔"

ریاستی سینیٹر Monica R. Martinez (مونیکا آر مارٹینیز) نے کہا، "ہماری ریاست کو آگ سے محفوظ رکھنے والے رضاکاروں کے پاس یہ ذمہ داری پوری کرنے کے لیے درکار ہر چیز موجود ہونی چاہیئے۔ یہاں لانگ آئی لینڈ کے ڈپارٹمنٹس سمیت، ریاست بھر کے فائر ڈپارٹمنٹس میں یہ نمایاں سرمایہ کاری نیو یارک کے رضاکار فائر اہلکاروں کو ہنگامی حالات سے زیادہ محفوظ اور مؤثر طریقے سے نمٹنے کے قابل بنائے گی۔"

ریاستی سینیٹر Michelle Hinchey (میشیل ہنچی) نے کہا، "ہم نے V-FIRE پروگرام اس لیے تشکیل دیا کیونکہ ہمارے رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس ہماری کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں خطرے میں ڈالتے ہیں اور اپنی خدمات کی مسلسل بڑھتی ہوئی طلب کے دوران اپنے فرائض محفوظ طریقے سے انجام دینے کے لیے انہیں جدید آلات اور ہنگامی ردِعمل کی صلاحیتوں کی ضرورت ہے۔ مجھے بے حد خوشی ہے کہ V-FIRE فنڈنگ کے دوسرے مرحلے کا اجرا کیا جا رہا ہے جس میں ہڈسن ویلی اور کیٹسکلز بھر کے ہمارے متعدد فائر اسٹیشنز بھی شامل ہیں۔ V-FIRE کے ذریعے گرانٹ کی معاونت سے تحفظِ عامہ کو براہِ راست فائدہ پہنچتا ہے اور سرمایہ جاتی ضروریات کے بلند اخراجات کے پیشِ نظر مقامی ٹیکس دہندگان پر مالی بوجھ بھی کم ہوتا ہے۔ اس فنڈنگ کی ضرورت کو تسلیم کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ اور اس دوسرے مرحلے میں منتخب ہونے والے تمام فائر ڈپارٹمنٹس کو مبارک باد۔ ہم ایسی سرمایہ کاریوں کے لیے آواز اٹھاتے رہیں گے جو پورے خطے میں مزید فائر اسٹیشنز کی مدد کریں۔"

ریاستی سینیٹر Lea Webb (لیا ویب) نے کہا، "مجھے یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ ویسٹل فائر ڈسٹرکٹ کو V-FIRE گرانٹ پروگرام کے ذریعے $418,895 ملیں گے۔ یہ ریاستی پروگرام ہمارے مقامی رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کو نہایت اہم مالی معاونت فراہم کرتا ہے جن کے رضاکار بے لوث انداز میں اپنی کمیونٹیز کے تحفظ کے لیے اپنا وقت دیتے ہیں۔ اس فنڈنگ کے ذریعے، ہمارا مقامی فائر ڈپارٹمنٹ اپنی سہولیات کو بہتر بنا سکے گا، آلات کے بڑھتے ہوئے اخراجات کا بوجھ کم کر سکے گا اور اپنے اوّلین امدادی کارکنان کی معاونت کر سکے گا۔"

ریاستی سینیٹر Pat Fahy (پیٹ فاہی) نے کہا، "ریاست نیو یارک میں ہم اپنے رضاکار فائر فائٹرز اور اوّلین امدادی کارکنان پر بہت زیادہ انحصار کرتے ہیں اس لیے ان کی حفاظت کو یقینی بنانے اور سہولیات اور ہنگامی ردِعمل کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے درکار گرانٹ فنڈز فراہم کرنا انتہائی اہم ہے۔ V-FIRE گرانٹ پروگرام رہائشیوں اور امدادی اہلکاروں دونوں کے لیے حفاظت کو بہتر بناتا ہے، آلات کی اپ گریڈیشن اور ایگزاسٹ ریموول سسٹمز کے ذریعے کارسینوجنز سے سامنا ہونے کے خطرے کو کم کرتا ہے اور تربیت میں ریکارڈ سرمایہ کاری کے لیے گنجائش پیدا کرتا ہے۔ اسکاٹیا میں بیوکینڈال نمبر 5 فائر ڈسٹرکٹ کے لیے تقریباً 1$ ملین کی یہ گرانٹ مواد کے بڑھتے ہوئے اخراجات سے پیدا ہونے والا مالی دباؤ کم کرے گی اور رہائشیوں کو حفاظت سے متعلق ان لازمی بہتریوں کی پوری لاگت برداشت کرنے سے بچائے گی۔ اس ضرورت کو سمجھنے، رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس میں سرمایہ کاری کے ذریعے ہمارے رہائشیوں کی ضروریات پوری کرنے اور نیو یارک کی رضاکار فائر سروس کے لیے حفاظت اور تربیت کو ترجیح دینے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ۔"

رکن اسمبلی John T. McDonald III (جان ٹی میکڈونلڈ RPh ،III) نے کہا، "میں نے ریاست نیو یارک کے بجٹ میں رضاکار فائر انفراسٹرکچر اور رسپانس ایکوئپمنٹ گرانٹ پروگرام (V-FIRE) کی حمایت کی ہے اور مجھے خوشی ہے کہ اب ہمارے رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کے لیے فنڈنگ جاری کی جا رہی ہے، جو نہ صرف ہمارا تحفظ کرتے ہیں بلکہ ٹیکس دہندگان کے پیسے بچانے میں بھی مدد دیتے ہیں۔ V-FIRE گرانٹ پروگرام ہمارے رضاکار فائر فائٹرز کی معاونت کرتا ہے اور جدید آلات اور سہولیات کے ذریعے انہیں محفوظ رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ پروگرام، رضاکار فائر فائٹر وظیفہ پروگرام (Volunteer Firefighter Stipend Program) اور قانون سازی کی دیگر کوششیں ان پالیسیوں کی مثالیں ہیں جو ہم نے اپنے رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کو یہ دکھانے کے لیے نافذ کی ہیں کہ ہم ان کی تمام خدمات کی قدر کرتے ہیں اور اپنے رضاکار فائر فائٹرز اور ان کے اہم کام کی معاونت جاری رکھیں گے۔"

رکن اسمبلی Steve Stern (اسٹیو اسٹرن) نے کہا، "میں گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور ریاست نیو یارک کے ڈویژن برائے وطن کی سلامتی و ہنگامی خدمات کا ہنٹنگٹن مینر فائر ڈسٹرکٹ کے لیے نمایاں سرمایہ جاتی گرانٹ فنڈنگ فراہم کرنے پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یہ گرانٹ ہماری کمیونٹی کے ان بہادر اور بے لوث افراد کے لیے سہولیات میں بہتری اور آلات کو جدید بنانے میں معاونت کرے گی جو ہمارے گھروں اور خاندانوں کی حفاظت یقینی بنانے کے لیے اپنی جانیں خطرے میں ڈالتے ہیں، اپنے خاندانوں سے دور وقت گزارتے ہیں اور تربیت پر خاصا وقت صرف کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ، یہ فنڈنگ ہمارے مقامی فائر فائٹرز کے آلات اور تربیتی سہولیات کو جدید بنانے کے لیے انتہائی ضروری وسائل فراہم کر کے رہائشیوں پر ٹیکس کا بوجھ کم کرنے میں بھی مدد دے گی، اور یہ فائر فائٹرز ہماری ستائش اور بامعنی معاونت کے مستحق ہیں۔"

رکن اسمبلی Judy Griffin (جوڈی گریفن) نے کہا، "مجھے بے حد خوشی ہے کہ ولیج آف لن بروک فائر ڈپارٹمنٹ (Village of Lynbrook Fire Department, LFD) کو V-FIRE گرانٹ پروگرام کے ذریعے 189,500$ مل رہے ہیں۔ یہ سرمایہ کاری ان بہادر مردوں اور خواتین کی معاونت کرے گی جو اس وقت مدد کے لیے حاضر ہوتے ہیں جب ہماری کمیونٹی کو ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہوتی ہے جبکہ مقامی ٹیکس دہندگان پر مالی بوجھ بھی کم ہو گا۔ LFD کے رضاکار فائر فائٹرز لن بروک اور وسیع تر کمیونٹی کی نہایت مہارت سے خدمت کرتے ہیں اور میں ان کی لگن، مستعدی اور قربانی کی بے حد شکر گزار ہوں۔ چونکہ لن بروک ایک پررونق گاؤں ہے جہاں مصروف ڈاؤن ٹاؤن بھی موجود ہے اس لیے فائر ڈپارٹمنٹ کو مسلسل اپنے آلات اور گاڑیوں کو جدید بنانے کے ساتھ اپنے فائر ہاؤسز کی دیکھ بھال بھی کرنا پڑتی ہے۔ یہ انتہائی اہم فنڈنگ ان کی ہنگامی امدادی کارروائی کی صلاحیتوں کو مضبوط کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ وہ ہمارے 20,000 سے زیادہ رہائشیوں کا محفوظ اور مؤثر طریقے سے تحفظ کر سکیں۔ ہمارے رضاکار فائر فائٹرز کے اہم کردار کو تسلیم کرنے اور لن بروک جیسی نساؤ کی کمیونٹیز کی حفاظت میں مسلسل سرمایہ کاری کرنے پر میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتی ہوں۔"

رکن اسمبلی Marianne Buttenschon (ماریان بٹنشون) نے کہا، "مجھے اس کام پر بے حد فخر ہے جو ہمارے رضاکار فائر فائٹرز ان کمیونٹیز کے تحفظ اور خدمت کے لیے ہر روز انجام دیتے ہیں جہاں ہم رہتے، کام کرتے اور سفر کرتے ہیں۔ جب بھی ہمیں ان کی ضرورت ہوتی ہے، وہ ہمیشہ موجود ہوتے ہیں اور میں ان کی لگن اور قربانی کی شکر گزار ہوں۔ مجھے خوشی ہے کہ اورسکنی فائر ڈپارٹمنٹ کو یہ اہم فنڈنگ مل رہی ہے اور میں مسلسل آواز

اٹھاتی رہوں گی تاکہ میرے ضلع بھر کے رضاکار فائر ڈپارٹمنٹس کو آئندہ مراحل میں فنڈنگ کے لیے زیرِ غور آنے کا موقع ملے۔"

رکن اسمبلی Dana Levenberg (ڈانا لیونبرگ) نے کہا، "ہمارے رضاکار فائر فائٹرز اور وہ کمیونٹیز جن کا وہ تحفظ کرتے ہیں، بہترین ممکنہ آلات اور بنیادی ڈھانچے کی مستحق ہیں۔ یہ $425,000 کی گرانٹ بیوکانن انجن کمپنی نمبر 1 کے لیے شاندار خبر ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور ان کی انتظامیہ کی بے حد شکر گزار ہوں کہ وہ میرے ضلع کی تحفظِ عامہ سے متعلق ضروریات پر مسلسل توجہ دے رہے ہیں۔"

آگ کی روک تھام اور کنٹرول کے ریاستی دفتر (State Office of Fire Prevention and Control) کے بارے میں

آگ سے بچاؤ اور کنٹرول کا دفتر، فائر فائٹرز، ہنگامی امدادی کارکنان، ریاستی اور مقامی سرکاری ایجنسیوں، سرکاری اور نجی کالجز اور نیو یارک کے شہریوں کو وسیع پیمانے پر خدمات فراہم کرتا ہے۔ اس دفتر کی جانب سے فائر فائٹر کی تربیت، تعلیم، آگ کی روک تھام، تفتیش، خصوصی آپریشنز اور ٹیکنیکل ریسکیو پروگراموں کے ذریعے تحفظِ عامہ کو فروغ دیا جاتا ہے۔ ان ضروری خدمات کی فراہمی، اس دفتر کو اس قابل بناتی ہے کہ وہ تمام تر ریاست نیو یارک کی حفاظت میں اہم کردار ادا کر سکے۔

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کے بارے میں

ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات دہشت گردی، قدرتی آفات، خطرات، آتش زدگی اور دیگر ہنگامی واقعات کی روک تھام، ان کے خلاف تحفظ، ان کے لیے تیاری، ان کے درپیش ہونے پر امدادی کام کرنے، اور ان سے بحالی کے لیے قیادت، نظم اور معاونت فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے DHSES کا Facebook پیج ملاحظہ کریں، @NYSDHSES کو X پر فالو کریں یا dhses.ny.gov وزٹ کریں۔

لمحہ بہ لمحہ ہنگامی اور موسمی انتباہات کے پیغامات براہِ راست اپنے فون پر حاصل کریں۔ ابھی اندراج کروانے کے لیے اپنی کاؤنٹی یا رہائشی بورو کا نام 333111 پر ٹیکسٹ کریں۔dhses.ny.gov/emergency-alerts پر مزید معلومات حاصل کریں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔